آسان اور مسنون نکاح مہم

اصلاح معاشرہ کمیٹی آل انڈیا مسلم پرسنل لاء بورڈ کی جانب سے

MASAAN AUR MASNOON NIKAAH
آسان اور مسنون نکاح
ALL INDIA MUSLIM PERSONAL LAW BOARD

پہلے آپ

ارشاد باری تعالیٰ ہے: "اور فضول خرچی مت کرو بے شک فضول خرچی کرنے والے شیطان کے بھائی ہیں"
(سورۃ بنی اسرائیل ۲۶، ۲۷)

ارشاد نبوی ﷺ ہے: "سب سے زیادہ برکت والا نکاح وہ ہے جس میں کم خرچ ہو"
(مسند احمد: ۲۴۵۲۹)

آسان اور مسنون نکاح سے متعلق علماء کرام کے بیانات اور اقرار نامہ کو آڈیو ویڈیو کی شکل میں سننے کے لئے اس کیو آر کوڈ کو اسکین کریں!

آسان اور مسنون نکاح سے متعلق اردو، انگریزی اور رومن میں اقرار نامہ کو پڑھنے اور اس اسٹیڈی کی پی ڈی ایف فائل ڈاؤن لوڈ کرنے کے لئے اس کیو آر کوڈ کو اسکین کریں!

اقرار نامہ

ہم اقرار کرتے ہیں کہ .....

- نکاح کو آسان بنائیں گے، بیجا رسوم و رواج خاص طور پر، جہیز، کا مطالبہ، منگنی، ہلدی، ساچق، چوتھی، منجے، پاؤں میز کی رسم، رات دیر تک جاگنا وغیرہ سے پرہیز کریں گے اور خاندان، پڑوس یا علاقہ میں کوئی رشتہ طے ہونے کی اطلاع ملنے پر قبل از وقت ان کی ذہن سازی کریں گے۔
- بارات کی رسم کو ختم کرتے ہوئے مسجد میں سادگی کے ساتھ نکاح کا طریقہ اختیار کریں گے۔
- نکاح کے دن کی دعوت کا اہتمام صرف بیرون شہر کے مہمان اور گھر کے افراد کے لئے کریں گے۔
- نکاح میں شرکت کریں گے لیکن نکاح کی تقریب والی دعوت طعام سے احتراز کریں گے۔
- دعوت ولیمہ سادگی کے ساتھ، دولت کی نمائش کے بغیر، غرباء اور مساکین کا خیال رکھتے ہوئے کریں گے۔
- جس محفل نکاح، دعوت ولیمہ میں سنت و شریعت کا خیال رکھا جائے گا، اس کی تائید و ستائش کریں گے۔ اس کے برخلاف عمل پر واضح انداز میں ناپسندیدگی کا اظہار کریں گے۔
- محفل نکاح اور دعوت ولیمہ میں آتش بازی، گانا، بینڈ باجہ، ویڈیو گرافی اور کھیل تماشے سے بچیں گے اور نکاح کے لئے قیمتی رقعہ اور قیمتی اسٹیج کا استعمال نہیں کریں گے۔
- نوجوان اپنے نکاح کو سادگی کے ساتھ کم خرچ میں انجام دیں گے۔ اس کے برخلاف گھر یا باہر کے کسی دباؤ کو قطعاً برداشت نہیں کریں گے۔
- نکاح کے طے شدہ وقت کی سختی سے پابندی کریں گے اور شریعت کی ہدایت کے مطابق مہر نقد ادا کریں گے۔
- نکاح کے بعد سنت و شریعت کے مطابق خوشگوار ازدواجی زندگی گزاریں گے اور اپنی بیوی کے ساتھ بہتر سلوک کر کے اللہ اور اس کے پاک رسول ﷺ کی رضامندی حاصل کرنے والے بنیں گے۔
- اولاد کی نعمت میسر آنے پر اس کی بہتر تعلیم و تربیت کا اہتمام کریں گے اور اسے پابند سنت و شریعت بنانے کی حتی الامکان کوشش کریں گے۔

تمام برادران اسلام سے درخواست ہے کہ آپ مندرجہ بالا باتوں کا اقرار کریں اور ان پر عمل کا مزاج بنائیں کہ یہ شریعت کی پسند اور وقت کی اہم ضرورت ہے

گزارش کنندگان

حضرت مولانا خالد سیف اللہ رحمانی صاحب (صدر آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ)
حضرت مولانا فضل الرحیم مجددی صاحب (جنرل سکریٹری آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ)
حضرت مولانا سید جلال الدین عمری صاحب (صدر جمعیۃ اہلحدیث ہند)
حضرت مولانا عبید اللہ خان اعظمی صاحب (رکن آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ)
حضرت مولانا سید ارشد مدنی صاحب (صدر جمعیۃ علماء ہند)
حضرت مولانا صفی الدین صاحب (امیر جماعت اہل حدیث ہند)
حضرت مولانا امیر معاویہ اعظمی صاحب (امیر شریعت بہار و اڑیسہ)
جناب سعادت اللہ حسینی صاحب (سکریٹری جماعت اسلامی ہند)
حضرت علامہ شاکر انائتو صاحب (سکریٹری انجمن فلاح المسلمین)

76A/1, MAIN MARKET, OKHLA VILLAGE, JAMIA NAGAR, NEW DELHI-110025 Ph.:011-26322291, 26314784, E-mail: aimplboard@gmail.com

ملک بھر میں اس اقرار نامہ کو مساجد میں لگانے کے خواہشمند اس نمبر پر رابطہ کریں: جناب محمد عاصم عتیق صاحب **77609 84404**